# یُونس

## خدا کا بلاوا اور یُونس کا بھاگنا

۱ خداوند کا کلام یُونس بن اِمتّی پر نازل ہوا۔ ۲ "نینوہ ایک بڑا شہر
ہے۔ وہاں کے لوگ جو بُرے کام کر رہے ہیں، ان میں سے بہت سی
شرارتوں کے بارے میں میں نے سنا ہے۔ اسرائیل تو اس شہر میں جا اور
وہاں کے لوگوں کو بتا کہ وہ ان بُرے کاموں کو کرنا چھوڑ دے۔"
۳ یُونس نے خدا کی فرمانبرداری سے انکار کیا بجائے اسکے یُونس خداوند
سے کہیں دور بھاگ جانے کی کوشش کی۔ وہ یافا کی جانب چلا گیا۔ اور وہاں
اسے دور کے شہر ترسیس کو جانے کا جہاز ملا اور وہ کرایہ دیکر اس میں سوار ہوا
تا کہ خداوند کے حضور سے ترسیس کو اہلِ جہاز کے ساتھ فرار ہو جائے۔

## بھیانک طوفان

۴ لیکن خداوند نے سمندر میں ایک بھیانک طُوفان اٹھا دیا۔ آندھی سے
سمندر میں تھپیڑے اُٹھنے لگے اور اندیشہ تھا کہ جہاز تباہ ہو جائے۔ ۵ تب
ملّاح خوفزدہ ہوئے اور ہر ایک نے اپنے جھوٹے خدا کو مدد کے لئے پکارا۔
تب انہوں نے جہاز کا سارا مال کو سمندر میں پھینک دیا۔ تا کہ اسے ہلکا کریں۔
لیکن اسکے باوجود یُونس جہاز کے اندر جا کر لیٹ گیا اور اُسے نیند آگئی۔
۶ تب جہاز کا کپتان یُونس کو دیکھا اور کہنے لگا، "اُٹھ! تو کیوں سو رہا ہے؟
اپنے معبود کو پکار ہو سکتا ہے، تیرا دیوتا تیری پکار سن لے اور ہمیں
بچالے۔"

## یہ طُوفان کیوں آیا؟

۷ لوگ پھر آپس میں کہنے لگے، "ہمیں یہ جاننے کے لئے کہ ہم پر یہ
مصیبتیں کس کے سبب پڑ رہی ہیں ہمیں قرعہ ڈالنا چاہئے۔"
چنانچہ لوگوں نے قرعہ ڈالا جس سے ظاہر ہوا کہ مصیبت یُونس کے
سبب آئی ہے۔ ۸ اس پر لوگوں نے یُونس سے کہا، "یہ تمہارا قصور ہے
جس کے سبب یہ مصیبت ہم پر پڑ رہی ہے۔ برائے مہربانی ہمیں بتا کہ
تیرا پیشہ کیا ہے؟ تو کہاں سے آ رہا ہے؟ تیرا وطن کہاں ہے اور تو کس قوم
سے ہو؟"
۹ یُونس نے لوگوں سے کہا، "میں عبرانی ہوں اور آسمان کے خداوند
کی عبادت کرتا ہوں۔ وہ وہی خدا ہے جس نے بحر و بر کو بنایا ہے۔"
۱۰ یُونس نے لوگوں سے کہا کہ، وہ خداوند سے دور بھاگ رہا
ہے، جب لوگوں کو اس بات کا پتا چلا تو وہ بہت زیادہ خوفزدہ ہوئے۔
لوگوں نے یُونس سے پوچھا، "تو نے اپنے خدا کے خلاف کیا بُری بات کی
ہے؟"
۱۱ اُدھر آندھی، طُوفان اور سمندر کی لہریں تیز سے تیز تر ہوتی جا رہی
تھیں۔ اس لئے لوگوں نے یُونس سے کہا، "ہمیں اپنی حفاظت کے لئے کیا
کرنا چاہئے۔ سمندر کو پرسکون کرنے کے لئے ہمیں تیرے ساتھ کیا کرنا
چاہئے؟"
۱۲ یُونس نے لوگوں سے کہا، "میں جانتا ہوں کہ میری ہی وجہ سے
سمندر میں یہ طوفان آیا ہے۔ اس لئے تم لوگ مجھے سمندر میں پھینک دو اس
سے طوفان تھم جائے گا۔"
۱۳ بجائے اسکے ملّاح جہاز کو واپس کنارے لانے کی کوشش کرنے
لگے۔ لیکن وہ ایسا کر نہیں پائے۔ کیونکہ آندھی، طُوفان اور سمندر کی لہریں
بہت طاقتور تھیں۔ اور وہ تیز تر ہوتی چلی جا رہی تھیں۔

## یُونس کو سزا

۱۴ اسلئے ملّاح نے خداوند سے دعاء کی، "اے خداوند! اس آدمی
کو سمندر میں پھینکنے کے بعد اسے مارنے کی وجہ سے ہمیں مت مارو
اور برائے مہربانی اور ایک معصوم شخص کو مارنے کا ہم لوگوں کو مجرم مت
بنا۔ سچ مُچ میں تُو خداوند ہے، اور تو جو چاہتا ہے وہی کر۔"
۱۵ چنانچہ لوگوں نے یُونس کو سمندر میں پھینک دیا۔ طُوفان رک
گیا، سمندر پر سکون ہو گیا۔ ۱۶ جب لوگوں نے یہ دیکھا تو وہ خداوند سے
ڈرنے لگے اور اس کا احترام کرنے لگے انہوں نے خداوند کے حضور قربانی
نذر کی اور خداوند سے وعدہ کیا۔
۱۷ یُونس جب سمندر میں گرا تو خداوند نے یُونس کو نگل جانے
کے لئے ایک بہت بڑی مچھلی بھیجی۔ یُونس تین دن اور تین رات تک
اس مچھلی کے پیٹ میں رہا۔

۲ یُونس جب مچھلی کے پیٹ میں تھا، تو اس نے خداوند اپنے خدا
سے دعا کی۔ یُونس نے کہا،
۲ "میں گہری مصیبت میں تھا۔ میں نے خداوند سے التجا کی اور اس
نے مجھ کو جواب دیا۔ میں قبر کی گہرائی میں تھا۔ اے خداوند میں نے تجھے
پکارا اور تو نے میری پکار سنی۔

۳ ''تو نے مجھ کو سمندر میں پھینک دیا تھا۔ تیری طاقتور لہروں نے
مجھے تھپیڑے مارے اور میں سمندر کے بیچ میں گہرا اترتا چلا گیا۔ میرے
چاروں طرف بس پانی ہی پانی تھا۔
۴ پھر میں نے سوچا، 'اب میں تیری نظروں سے دور پھینک دیا گیا
ہوں۔' پھر بھی میں تیری مقدس ہیکل کی طرف دوبارہ دیکھوں گا۔
۵ ''سمندر کے پانی نے مجھے نگل لیا ہے وہ پانی میرا منہ بند کر دیا اور
میری سانس گھُٹ گئی۔ میں گہرے سمندر کے درمیان اترتا چلا گیا۔ بحری
نباتات میرے سر پر لپٹ گئی۔
۶ میں پہاڑوں کی تہہ تک غرق ہو گیا۔ زمین کے دروازے ہمیشہ کے
لئے مجھ پر بند ہوگئے۔ تو بھی اے خداوند میرے خدا تو نے میری زندگی
پاتال سے بچائی۔
۷ ''جیسا کہ میں اپنے ہر امید سے نا امید ہونے ہی والا تھا، تب میں نے
خداوند کو یاد کیا ہے خداوند میں نے تجھ سے دعاء کی اور تو نے میری فریاد
اپنے مقدس ہیکل میں سنی۔
۸ ''کچھ لوگ جھوٹے معبودوں کی پرستش کرتے ہیں مگر ان معبودوں
نے کبھی سہارا نہیں دیا۔
۹ نجات تو صرف خداوند سے آتی ہے! ''اے خداوند میں تیرے
حضور قربانی پیش کروں گا اور تیری مدح سرائی کروں گا۔ میں اپنی نذریں
ادا کروں گا۔ میں تیرا شکر کروں گا۔ میں نے جو وعدہ کیا ہے اُس وعدہ کو پورا
کروں گا۔''

۱۰ پھر خداوند نے اس مچھلی سے کہا اور اس نے یُونس کو خشک
زمین پر اپنے پیٹ سے باہر اگل دیا۔

## خدا کا بُلاوا اور یُونس کی فرمانبرداری

۳ اس کے بعد خداوند نے یُونس سے پھر کہا، ۲ ''خداوند نے کہا، تو
نینوہ کے بڑے شہر میں جا، اور وہاں جا کر جو باتیں میں تجھ سے
بتاتا ہوں، اس کی منادی کر۔''
۳ تب یُونس خداوند کے کلام کے مطابق اٹھ کر نینوہ کو گیا۔ نینوہ
بہت بڑا شہر تھا۔ اس کو پار کرنا تین دن کی مسافت تھی۔
۴ اس لئے یُونس نے شہر کے سفر کا آغاز کیا، اور سارا دن چلنے کے
بعد، اس نے لوگوں کو پیغام دینا شروع کیا، یُونس نے کہا، ''چالیس دن بعد
نینوہ تباہ ہو جائے گا۔''
۵ خدا کی جانب سے ملے اس پیغام پر نینوہ کے لوگوں نے ایمان لایا،
اور ان لوگوں نے کچھ وقت کے لئے کھانا چھوڑ کر اپنے گناہوں پر غور کرنے
کا فیصلہ کیا۔ لوگوں نے اپنا دکھ ظاہر کرنے کے لئے مخصوص قسم کے
لباس کو اپنایا۔ شہر کے سبھی لوگوں نے، چاہے وہ بہت بڑے یا چھوٹے
ہوں، ایسا ہی کیا۔
۶ نینوہ کے بادشاہ نے باتیں سنیں اور اس نے بھی اپنے بُرے
کاموں کا غم منایا۔ اس کے لئے بادشاہ نے تخت چھوڑ دیا اور بادشاہی لباس
کو اتار ڈالا۔ اس کے بعد وہ بادشاہ راکھ میں بیٹھ گیا۔ ۷ اور بادشاہ اور اس
کے ارکانِ دولت کے فرمان سے نینوہ میں یہ اعلان کیا گیا

اور اس بات کی منادی ہوئی:
تھوڑے وقت کے لئے کوئی انسان یا حیوان کچھ نہ
کھائے گا۔ مویشی کا جھنڈ یا بھیڑوں کا ریوڑ کھیت میں نہ جائے
گا۔ نینوہ کے رہنے والے نہ کچھ کھائے گا اور نہ پانی پیئے گا۔
۸ لیکن انسان اور حیوان ٹاٹ سے ملبّس ہوں اور خدا کے حضور
گریہ وزاری کریں بلکہ ہر شخص اپنی زندگی کے بُرے راستے
کو بدلے اور اپنی بُری روش اور اپنے ہاتھ کے ظلم سے باز
آئے۔ ۹ تب ہو سکتا ہے کہ خدا رحم کرے اور اس نے جو منصوبہ
بنایا ہے۔ ویسا نہ کرے اور اپنے قہر شدید سے باز آئے اور ہم فنا
نہ ہوں۔

۱۰ لوگوں نے جو باتیں کی تھیں انہیں خدا نے دیکھا۔ خدا نے دیکھا
کہ لوگوں نے بُرے کام کرنا بند کر دیا ہے۔ اس لئے خدا نے اپنا دل بدل
لیا اور جیسا کرنے کا اس نے منصوبہ بنایا تھا، ویسا نہیں کیا۔ خدا نے
لوگوں کو سزا نہیں دی۔

## خدا کی رحمدلی سے یُونس ناراض

۴ یُونس اس بات پر خوش نہیں تھا کہ خدا نے شہر کو بچا لیا تھا۔
یُونس ناراض ہوا۔ ۲ اس نے خداوند سے شکایت کرتے ہوئے
کہا، ''میں جانتا تھا کہ ایسا ہی ہوگا! میں تو اپنے ملک میں تھا۔ اور تو نے ہی
مجھ سے یہاں آنے کو کہا تھا۔ اسی وقت سے مجھے یہ پتا تھا کہ تو اس گنہگار
شہر کے لوگوں کو معاف کردے گا۔ میں نے اسلئے ترسیس بھاگ جانے کی
سوچی تھی۔ میں جانتا تھا کہ تو رحیم و کریم خدا ہے اور لوگوں کو سزا
دینا نہیں چاہتا، مجھے پتا تھا کہ تو شفقت میں غنی ہے اور عذاب نازل کرنے
سے باز رہتا ہے۔ ۳ اس لئے اے خداوند، اب میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ
تو مجھے مار ڈال۔ میرے لئے زندہ رہنے سے مر جانا بہتر ہے۔''

۴اس پر خداوند نے کہا، "کیا اس بارے میں تیرا غصّہ کرنا ٹھیک
ہے صرف اسلئے کیونکہ میں نے ان لوگوں کو تباہ نہیں کیا؟"
۵ان سبھی باتوں سے یُونس ابھی بھی ناراض تھا۔ اس لئے وہ شہر کے
باہر چلا گیا۔ یُونس ایک ایسی جگہ پر چلا گیا تھا جو شہر کے مشرق کے پاس ہی
تھا۔ یُونس نے وہاں اپنے لئے ایک چھپّر بنا کر اس کے سایہ میں بیٹھا رہا کہ
دیکھیں شہر کا کیا حال ہوتا ہے۔

## کدّو کی بیل اور کیڑا

۶ اُدھر خداوند نے ایک بیل کو بہت تیزی سے اُگایا اور یُونس کے
سر پر پھیلا دیا اور سورج سے سایہ دیا۔ یُونس کو اس کے بعد زیادہ آرام حاصل
ہوا۔ اس پودا کے سبب یُونس بہت شادماں ہوا۔
۷ لیکن خدا نے دوسرے دن صبح اس پودا کو کھانے کے لئے ایک
کیڑا بھیجا۔ کیڑے نے اس پودا کو کھانا شروع کر دیا اور اسلئے وہ پودا
مرجھا گئی۔

۸ اور جب آفتاب بلند ہوا تو خدا نے مشرق سے لُو چلائی اور آفتاب کی
گرمی نے یُونس کے سر میں اثر کیا اور وہ بے تاب ہو گیا اور موت کی آرزو
مند ہو کر کہنے لگا، "میرے اس جینے سے مر جانا بہتر ہے۔"
۹ لیکن خدا نے یُونس سے کہا، "بتا تیرے خیال میں کیا صرف اس
لئے کہ یہ پودا سوکھ گئی ہے، تیرا غصّہ کرنا بہتر ہے؟"
یُونس نے جواب دیا، "ہاں غصّہ کرنا بہتر ہے، مجھے اتنا غصّہ آرہا ہے
کہ مرنا چاہتا ہوں۔"
۱۰ تب خداوند نے فرمایا، "تجھے اس پودا کا اتنا خیال ہے جس کے
لئے تو نے کچھ محنت نہیں کی اور نہ اسے اگایا۔ جو ایک ہی رات میں اُگی اور
ایک ہی رات میں سوکھ گئی۔ ۱۱ اگر تو اس پودا کے لئے پریشان
ہو سکتا ہے تو یقیناً میں اس عظیم شہر نینوہ کے لئے افسوس کرونگا، جس میں
بہت سے لوگ اور بہت سے جانور رہتے ہیں۔ جہاں تقریباً ایک لاکھ بیس
ہزار لوگ رہتے ہیں اور جو یہ بھی نہیں جانتے ہیں کہ وہ کوئی غلط کام کر رہے
ہیں۔* اور میں یقیناً اس شہر کو چھوڑ دونگا۔"

---

**جو۔۔۔ کر رہے ہیں** ادبی طور پر لوگ جو کہ "اپنا دایاں اور بایاں بھی نہیں
جانتے ہیں۔" اسکا مطلب شاید کہ "معصوم بچّے۔"

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html